© rasailojaraid.com

سالوں میں اور سال عمر کی تکمیل کی طرف جا رہے ہیں، وہ شخص کیسے خوش رہ سکتا ہے کہ جس کی عمر اسے اپنی انتہا کی طرف لے جا رہی ہے۔"

اے اللہ کے بندو! ذرا غور کرو کہ اس سال ہم نے اپنے کتنے ہی دوستوں، عزیز و اقارب کو رخصت کیا، کتنے لوگوں کو ہم نے قبروں کی منوں مٹی تلے دفن کیا، ہم بھی اس قبر کے راستے پر ہیں، ہم بھی ایک دن وہیں پہنچ جائیں گے جہاں وہ لوگ پہنچ چکے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ کا ارشاد گرامی ہے: "اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ کون سی جگہ لوٹ کر جاتے ہیں"۔ (سورۃ الشعراء) ہمارے سامنے عبرت کے کتنے سامان ہیں، خود اپنی ذات میں غور کرنے سے ہی کتنی چیزیں ایسی ملتی ہیں کہ جو نصیحت حاصل کرنے کیلئے کافی ہیں۔

# مولانا علیم ناصری کا انتقال پر ملال

اور کچھ نیکی نہیں ہے میرے دامن میں علیم ہیں یہی دو چار نعتیں باقیات الصالحات

مورخہ یکم جنوری بروز اتوار ملک کے نامور ادیب و شاعر اور جماعت کے بزرگ مولانا علیم ناصری انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحوم دوست و احباب کے انتہائی غمگسار اور بڑے ہی ہمدرد تھے۔ جس طرح وہ عقیدہ و فکر اور سیرت و اخلاق کی بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ اسی طرح انہیں نظم و نثر لکھنے میں یکساں ملکہ حاصل تھا۔ مرحوم نعت گوئی کا بھی بڑا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ ان کے نعتیہ کلام "طلع البدر علینا" پر انہیں صدارتی ایوارڈ ملا۔ "بلاشبہ یہ شاعری کا اعلیٰ نمونہ اور ذات رسالت مآب ﷺ سے بے پناہ عقیدت کا ترجمان ہے۔ جسے اونچے سے اونچے نعتیہ کلام کے مقابلے میں پیش کیا جا سکتا ہے اس میں ایک طرف عظمت و شان مصطفیٰ ﷺ کا اقرار و اعتراف ہے دوسری طرف عقیدت و محبت اور والہانہ شیفتگی کا اس انداز سے اظہار کہ کہیں بھی توحید کے تقاضے مجروح نہ ہوں۔ ایک عظیم کارنامہ ہے"۔

شاہنامہ بالاکوٹ، مرحوم کی ملی و رزمیہ شاعری کا شاہکار ہے۔ جس کو پڑھتے ہوئے آنکھیں بھی نم ہوتی ہیں اور دلوں کو حرکت و حرارت بھی محسوس ہوتی ہے اور یہ کسی ادبی شاہکار کی کامیابی کی بڑی دلیل اور کھلا ثبوت ہے۔

یہاں قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ مرحوم کے نامور فرزند، ادیب و شاعر جناب خالد علیم کو بھی ایوارڈ مل چکا ہے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ وہ حقیقی طور پر اپنے والد محترم کے جانشین ہیں۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی اور ان کی بخشش کیلئے دعا کی۔ اللہ جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com